دلائل الخیرات

لابي عبد الله محمد بن سليمان الجزولي الشاذلي (قدس الله سرّه)

بطریق

قطب وقت حضرت مولانا خواجہ عبدالمالک صدیقی قدس اللہ سرہ

حسب اِرشاد

شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد اَسفندیار خان قدس اللہ سرہ

تصحیح وترتیب

مفتی اِحسان الحق

فاضل ومتخصص فی علوم الحدیث

جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراچی

متخصص فی الفقہ الاسلامی

جامعہ دارالخیر گلستان جوہر کراچی

مکتبہ الحسنی

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلائل الخیرات

مصنف:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔محمد بن سلیمان قدس اللہ سرہ

بطریق:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حضرت مولانا عبدالمالک صدیقیؒ

حسب اِرشاد:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حضرت مولانا محمد اُسفندیار خانؒ

تصحیح وترتیب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مفتی اِحسان الحق اخوندزادہ

طبع اول:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جنوری ۲۰۲۰۔

برائے رابطہ

مکتبہ الحسنی

0332-2177075

گذارش

اس کتاب کی تصحیح وترتیب کرتے وقت کوشش کی گئی ہے کہ کتاب ایک حد تک اغلاط سے پاک ہو، اگر کسی کو کوئی غلطی نظر آئے تو اِدارہ کو مطلع فرمائیں، تاکہ اگلے ایڈیشن میں اس کا اِزالہ کیا جاسکے۔ واُجرکم علی اللہ۔

فہرست

انتساب	1
پیش لفظ	2
تعارف	4
تقریظ	6
تقریظ	7
رائے گرامی	8
تقریظ	9
تقریظ	10
علمائے دیوبند کا عقیدہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا مستحب ہے	12
دلائل الخیرات سے متعلق بنوری ٹاؤن کا فتوی	14
دلائل الخیرات پڑھنے سے قبل چند ضروری ہدایات	15
درود شریف سے متعلق اکابر کے ملفوظات	18
اجازت کتاب	37
پہلی سند مصنف دلائل الخیرات تک	41
دوسری سند	42
تیسری سند	42
چوتھی سند	43
پانچویں سند	44
چھٹی سند	44
حضرت مولانا مفتی عبدالرحمن کوثر زید مجدہ کی دلائل الخیرات کی اِسناد	45
أَسْمَاءُ اللهِ الْحُسْنٰى	49

دُعَاءُ الاِفْتِتَاحِ	51
المقدمة	52
فَصْلٌ فِي فَضْلِ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	53
دُعَاءُ النِّيَّةِ	65
بروز پیر	66
بروز منگل	81
بروز بدھ	92
بروز جمعرات	104
بروز جمعہ	116
بروز ہفتہ	128
بروز اتوار	139

انتساب

اپنے پیارے اللہ جی کے نام

جوخود بھی اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں ،اوران کے فرشتے بھی بھیجتے ہیں۔

اور پیارے اللہ جی نے ہم انسانوں کو بھی حکم دیا کہ ہم بھی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجیں۔

اوراپنے پیارے حبیب حضرت محمد مصطفی، احمد مجتبی ،شافع روز محشر،شاہ امم، سیدنا وحبیبنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام

جن پر درود بھیج کر ہم خود سنورتے ہیں۔

اور ہراس سلسلہ والوں کے نام جس کے ہاں ''دلائل الخیرات'' پڑھنے کا معمول ہے

اے اللہ !بندہ کی اس کوشش کا ثواب اُخص الخاص سیدالانبیا محمد مصطفی ﷺ کو اور تمام انبیائے کرام علیہم السلام،صحابہ کرامؓ ،اہل بیت اورتمام بزرگان دین کواس کا ثواب پہنچا۔آمین

پیش لفظ

الحمدللہ، اللہ رب العزت کی توفیق وکرم نوازی سے دلائل الخیرات کی تصحیح وترتیب کا کام مکمل ہوا۔

غالبا ۲۰۱۵ یا ۲۰۱۶ میں شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد اُسفند یار خان قدس اللہ سرہ نے مشایخ وقت کو دلائل الخیرات کی اِجازت سے نوازا، اور دلائل الخیرات کا خاص طرز (جو انہیں ان کے پیرومرشد قطب وقت حضرت مولانا خواجہ عبدالمالک صدیقی قدس اللہ سرہ نے تلقین فرمایا تھا)، تاج کمپنی لمیٹڈ کے نسخے کو سامنے رکھ کر اس میں نشانات لگا کر عنایت فرماتے تھے۔ حضرت قدس اللہ سرہ کے مریدین ومنتسبین نے جب دیکھا کہ دلائل الخیرات کی اِجازت لینے کے لئے آنے والے تو آئے دن آتے رہتے ہیں اور حضرت قدس اللہ سرہ خود انہیں دلائل الخیرات پر نشانات لگا کر دیتے ہیں، تو انہوں نے سوچا کہ اگر مکمل دلائل الخیرات کو ایک ہی بار اسی طرز پر ترتیب دے کر چھاپ دیا جائے تو حضرت قدس اللہ سرہ کے لئے آسانی ہوگی۔ حضرت قدس اللہ سرہ سے اس بارے میں مشورہ کیا گیا حضرت قدس سرہ نے اس کام کو پسند فرمایا اور اس کام کا قرعۂ فال راقم الحروف کے نام نکلا۔ یہ کام تو الحمدللہ بہت جلد پایہ تکمیل تک پہنچ گیا تھا مگر چوں کہ راقم الحروف کا بھی کئی عرصہ سے دلائل الخیرات کا معمول تھا اور دلائل الخیرات کے مختلف نسخے سامنے رہتے تھے تو پھر اس میں مزید کامبھی کیا گیا، اب اس کی ترتیب یہ ہے کہ:

اس کتاب میں ہر دن کا شروع اور ختم حضرت شیخ وقت قطب الاقطاب عارف باللہ حضرت خواجہ عبدالمالک صدیقیؒ کے طرز پر ہے اور دیگر دلائل الخیرات کے نسخوں سے بھی اس نسخہ کی تصحیح کرتے وقت حط واضافہ کیا گیا ہے۔

نوٹ: اس دلائل الخیرات میں صرف پیر کے دن شروع سے نہیں پڑھنا ورنہ ہر روزانہ پہلے ابتدائیہ اسماء الحسنی وغیرہ پڑھنے ہیں اس کے بعد روزانہ کا معمول پڑھنا ہے۔

نوٹ: دیگر دلائل الخیرات میں بروز پیر کے بعد پھر کتاب کو شروع سے پڑھتے

ہیں جو پیر کے دن کا ہی معمول ہوتا ہے۔ بعض مرتبہ عامی حضرات کو یہ طرز سمجھانے میں دقت ہوتی ہے تو آخری کتاب کا الحزب الثامن یعنی بروز پیر کا حصہ اول کو کتاب کے شروع میں الحزب الأول پیر کے دن سے قبل رکھ دیا گیا ہے اور اس کے بعد یہ اپنی ترتیب پر ہے۔

نوٹ: واغفر اللھم مغفرۃ کاملۃ سے اللھم فرج عن أمۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۔ اصل کتاب کا حصہ نہیں ہے۔

یہ نسخہ ترتیب دینے کے بعد کئی مرتبہ حضرت شیخ الحدیث والتفسیر قدس اللہ سرہ کی نظر سے گزرا، بالخصوص آخری مرتبہ موصوف کے محبوب خادم وخلیفہ حضرت مولانا مفتی عدنان احمد زید مجدہ نے دکھلایا۔ یہ کتاب حضرت شیخ الحدیث والتفسیر قدس اللہ سرہ کی حیات مبارکہ میں ہی چھپنے چلی گئی تھی مگر کم قسمتی کہ کچھ تکنیکی وجوہات کی بنا پر حضرت قدس اللہ سرہ کی حیات مبارکہ میں چھپ کر منظر عام پر نہ آسکی ،اور حضرت قدس اللہ سرہ اس دار فانی سے کوچ فرما گئے اور اس دلائل الخیرات کو اپنے لئے ذخیرۂ آخرت بنا گئے۔

اللہ تعالی سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالی اس کتاب کے مؤلف کو اور جن جن واسطوں سے ہمیں یہ کتاب پہنچی ہے اور اس کتاب میں جس نے جس طرح کا بھی تعاون کیا ہے (کمپوزنگ، پروف ریڈنگ وغیرہ کے معاملات میں) اللہ تعالی سب کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ان سے اور ان کی قیامت تک آنے والی نسلوں سے اللہ تعالی دین کا کام لیں، دین پر قائم رکھیں، خاتمہ بالخیر فرمائیں اور اس درود شریف کی برکات سے ان سب حضرات کی قیامت تک آنے والی نسلوں کو عافیت کے ساتھ اہل حق سے وابستہ رکھیں اور اہل باطل کی دسیسہ کاریوں سے محفوظ و مامون فرمائے۔ آمین۔ اور راقم الحروف کو اللہ رب العزت محض اپنے فضل وکرم سے مدینہ منورہ میں موت اور جنت البقیع میں دفن ہونا نصیب فرمائے۔ آمین۔

کتبہ: (مفتی) احسان الحق

۳/۷/۲۰۲۰ یوم الجمعہ

تعارف

پیر طریقت رہبر شریعت عارف باللہ، داعی کبیر
حضرت مولانا محمد امیر علوی میرٹھی نقشبندی مجددی دامت برکاتہم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس کتاب کا پورا نام "دلائل الخیرات وشوارق الأنوار فی ذکر الصلاۃ علی المختار" ہے۔

آپ کا نام ابوعبداللہ محمد بن سلیمان جزولی، سملائی، حسنی (رحمۃ اللہ علیہ) ہے۔

آپ (۸۰۷ھ) میں بمقام ''سوس اقصی'' (مراکش) میں پیدا ہوئے ۔آپ کا سلسلۂ نسب انیس پشتوں کے بعد حضرت امام حسینؓ سے مل جاتا ہے۔(۱)

علامہ یوسف نبھانیؒ نے محمد مغربی تلمسانی اور محمد اندلسی (رحمھما اللہ تعالی) کے متعلق لکھا ہے کہ انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دلائل الخیرات حاصل کی۔

حاجی خلیفہ رحمہ اللہ کشف الظنون میں فرماتے ہیں:

''مشرق ومغرب خاص طور پر روم کے شہروں میں دلائل الخیرات باقاعدہ پڑھی جاتی ہے''۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ اس کے عامل تھے۔حرمین شریفین وتمام امصار اسلام میں مقبول خاص وعام ہے۔امام جزولیؒ نے ''فاس'' میں دلائل الخیرات لکھی آپ اکابر اولیاء اللہ میں سے تھے۔

مولانا عبدالحی لکھنویؒ ۱۲۸۱ھ میں دلائل الخیرات کی تصحیح کے لئے مدینہ منورہ میں شیخ

---

۱)۔(الاعلام: ج:۶ ص:۱۵۱)

الدلائل علی بن یوسف ملک الباشلی الحریری المدنی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔(۱)

آپ کی وفات یکم ربیع الاول ۸۷۰ھ بمقام سوس واقع ملک بربر نماز صبح کی پہلی رکعت کے دوسرے سجدے میں ہوئی اور اسی روز ظہر کے وقت مسجد کے قریب مدفون ہوئے طاب اللہ ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ۔

زیر نظر دلائل الخیرات پر ہمارے فاضل مفتی احسان الحق صاحب نے نہایت خوش اسلوبی سے کام کیا، کتاب کی ترتیب درست کی، تصحیح کا اہم کام انجام دیا۔

بعض حضرات جو عربی سے ناواقف ہوتے ہیں وہ لاعلمی میں جو اعراب لگا ہوا سی کو پڑھ لیتے ہیں اور ہر ناشر جو دلائل الخیرات چھاپتا ہے وہ پرانی کو سامنے رکھ کر بغیر تصحیح کے من وعن چھاپ دیتا ہے۔ یہ کتاب علماء کی نگرانی میں چھپ رہی ہے، حتی المقدور اعراب کی غلطیوں سے محفوظ رکھا گیا ہے۔ محترم مفتی صاحب نے پوری جانفشانی کے ساتھ کتاب پر کام کیا ہے۔ اللہ تعالی اپنی بارگاہ میں قبول ومنظور فرمائے۔ مفتی صاحب کو دلائل الخیرات کی کافی علماء ومشائخ سے اجازت حاصل ہے بندہ نے بھی اجازت دی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی ان تمام حضرات کو جن کی کاوشوں سے یہ کتاب منصۂ شہود پر آئی ہے بہترین جزائے خیر دے اور آخرت میں نجات کا ذریعہ بنائے۔ آمین برحمتک یا أرحم الراحمین۔

کتبہ

محمد امیر علوی میرٹھی نقشبندی

ہفتہ، یکم رجب المرجب ۱۴۴۰ھ۔ ۱۰ مارچ ۲۰۱۹ء۔

---

۱)۔(نفع المفتی: ص: ۱۱۷)۔

تقریظ

محبوب العلماء والصلحاء، شمس الملۃ والدین، عارف باللہ

حضرت مولانا شمس الرحمن عباسی

أفاض اللہ علیہ من لطفہ الخفی والجلی

باسمہ الرحمن

بندہ تصدیق کرتا ہے کہ مفتی احسان الحق اخوندزادہ نے دلائل الخیرات بہت اچھی طرح تصحیح کی ہے۔

اللہ پاک اس محنت کو قبول فرماویں اور صدقہ جاریہ فرماویں۔

فقط

بندہ: شمس الرحمن العباسی

خطیب جامع مسجد غفوری

سولجر بازار، کراچی

8/3/2019

تقریظ

حضرت مولانا مفتی اکبر علی اسلام آبادی زید مجدہ

تلمیذ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس اللہ سرہ

خیر الکلام ما قل ودل

مرتب کے ولولہ انگیز شوق وذوق کے احساس سے متاثر ہوکر دل سے بے ساختہ دعا نکلتی ہے کہ اللہ رب العالمین مرتب موصوف کو آئندہ اس سے بہتر تالیف وتصنیف کی مزید توفیق عنایت فرمائے۔

آمین بفضل سید الانبیاء والمرسلین

کتبہ:

اکبر علی عفی عنہ

فاضل ومفتی دار العلوم دیوبند

۲۴/۳/۲۰۱۹م۔۱۶/۷/۱۴۴۰ھ۔یوم الاحد

رائے گرامی

حضرت مولانا محمد عبدالغفار قدس اللہ سرہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداومصلیاومسلما۔امابعد!عزیز گرامی جناب مولانا مفتی احسان الحق اخوندزادہ کی جدید مرتب کردہ ''دلائل الخیرات''بطریق حضرت خواجہ عبدالمالک صدیقی نوراللہ مرقدہ کا کہیں کہیں سے مطالعہ کیا ہے۔ماشاءاللہ!مرتب نے اچھی کوشش فرمائی،اللہ کریم قبولیت سے نوازے اوراپنی رضا کا ذریعہ بنائے۔

ان کی خدمت میں عرض ہے کہ ان احزاب کی ابتداسوموار(پیر)کے دن سے شروع کریں،چوں کہ سلف صالحین کا یہی طریقہ چلا آرہاہے کہ دلائل الخیرات پیر کے دن سے شروع کرتے ہیں اور اتوار کے دن اختتام کرتے ہیں اورمرتب نے دلائل الخیرات کوبطوروظیفہ کے پڑھنے کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں ہوتی تاہم اسلاف کے ہاں اجازت لینے کا طریق رہاہےاوراس سے برکت ہوتی اورروحانی فائدہ دوچندہوجاتاہے۔

اس میں جناب مرتب نے اپنے چند طرق اجازت بھی تحریر کئے ہیں جودلائل الخیرات پڑھنے والوں کے لئے ان شاءاللہ مفیدرہیں گے۔

بندہ سیہ کاردعا گوہے اللہ تعالی مرتب اورتمام پڑھنے والوں اپنی معرفت اوراپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کامل اتباع کے ساتھ نصیب فرمائے۔

آمین بجاہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فقیرإلی مولاہ الغنی الکریم

محمد عبدالغفار چشتی صابری(نزیل کراچی)

۱۶/۷/۱۴۴۰۔۲۴/۳/۲۰۱۹۔

تقریظ

حضرت قبلہ والد محترم قاری غلام حسین

أطال اللہ بقاءہ علینا إلی مئۃ وعشرین سنۃ بصحۃ وعافیۃ

تلمیذ حضرت قاری حبیب اللہ خان قدس اللہ سرہ

عزیزم مولوی احسان الحق سلمہ اللہ تعالی کا ''دلائل الخیرات'' سے شغف خاندانی ہے اس کے علاوہ مزید حضرات سے بھی انہیں دلائل الخیرات کی اجازت ہے۔موجودہ نسخہ میں موصوف نے ''تاج کمپنی لمیٹڈ'' کے نسخہ کو بنیاد بنایا ہے اور ہر حزب کا شروع وآخر حضرت قطب الاقطاب پیر عبدالمالک صدیقی قدس اللہ سرہ کے طرز پر کیا ہے۔ساتھ ہی ساتھ موصوف نے دیگر دلائل الخیرات کے نسخوں کو سامنے رکھتے ہوئے ان نسخہ میں حط واضافہ کر کے ایک مستند نسخہ بنانے کی کوشش کی ہے۔

رب العالمین کی بارگاہ میں دست بدعا ہوں کہ اس محنت کو ان کے لئے صدقہ جاریہ بنائے اور درود شریف کی برکات ان کے آل واولاد میں تا قیامت باقی رکھے۔اور کافی عرصہ بعد موصوف اسے عام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالی اپنی قدرت کاملہ سے اسے شائع کرنے کے اسباب مہیا فرمائے اور اسے قبول عام عطا فرمائے۔آمین۔

۲۵/۳/۱۴۴۰ھ۔یوم الاثنین۔

تقریظ

شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد اُسفند یار خان قدس اللہ سرہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ الذی علم بالقلم ،علم الإنسان مالم یعلم ۔والصلاۃ والسلام علی سیدالعرب والعجم وعلی آلہ وأصحابہ مصابیح الظلم ۔ أمابعد

درود شریف کی کثرت قرب الٰہی ،حضور نبی کریم ﷺ کی محبت کے حصول کا ذریعہ اور سعادت دارین کا ایک بڑا وسیلہ ہے۔شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے والد گرامی حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب رحمہ اللہ تعالی نے فرمایا: وبہ نال من نال، کہ جس نے پایا اسی درود شریف کی برکت سے پایا۔

حضرت شیخ امام ابوعبداللہ محمد بن سلیمان جزولی شاذلی رحمہ اللہ نے : دلائل الخیرات وشوارق الانوار فی ذکر الصلاۃ والسلام علی نبی المختار صلی اللہ علیہ وسلم ، میں اللہ سبحانہ وتعالی کی حمد وثنا اور نبی کریم ﷺ پر درود مبارکہ کے مختلف صیغوں کو جمع فرمایا ہے۔

شیخ جزولی رحمہ اللہ نے اس کتاب کو مرتب کرنے کا واقعہ اس طرح بیان فرمایا کہ: حضرت رحمہ اللہ مقام ''فاس'' میں قیام پذیر تھے۔ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ آپؒ وضو فرمانے کے لئے کنویں پر تشریف لے گئے لیکن اس وقت وہاں کوئی ایسی چیز میسر نہ تھی جس کے ساتھ آپ ؒ کنویں سے پانی نکالتے۔آپؒ اس حالت میں تھے کہ اب کیا کریں؟ اچانک ایک لڑکی نے جو ایک اونچی جگہ سے یہ منظر دیکھ رہی تھی اس نے آپؒ کا نام پوچھا۔جواب سن کر اس لڑکی نے کہا کہ: آپ وہی شخصیت ہیں جن کا ہر جگہ چرچا اور تعریف ہو رہی ہے اور صرف اس بات پر پریشان ہیں کہ کنویں سے پانی کس طرح نکالا جائے۔تو اس لڑکی نے کنویں میں جیسے ہی اپنا لعاب ڈالا تو پانی کنویں سے ابل کر باہر زمین پر آ گیا۔

شیخ محمد بن سلیمان جزولیؒ جب وضو سے فارغ ہوئے تو اس لڑکی سے کہا کہ: میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ: تو مجھے بتا کہ تجھے یہ مقام کیسے حاصل ہوا؟ جس کے جواب میں اس لڑکی نے کہا: بکثرۃ الصلاۃ علی من إذا مشی فی البر الأقفر تعلقت الوحوش بأذیالہ۔

''مجھے یہ مقام اس عظیم ہستی پر کثرت درود شریف پڑھنے کی وجہ سے حاصل ہوا ہے کہ جب وہ جنگل سے گذرتی تو وحشی جانور تک اس کے دامن مبارک سے لپٹ جاتے''۔

حضرتؒ نے لڑکی سے فرمایا کہ: مجھے بھی وہ خاص درود بتاؤ۔لڑکی نے کہا کہ: آپ درود شریف جمع کر کے لائیں، اگر ان میں وہ درود آ گیا تو بتا دوں گی۔اس پر حضرتؒ نے کچھ درود جمع کر کے لڑکی کو سنائے۔لڑکی نے کہا: نہیں ابھی نہیں آیا اور جمع کریں۔اس طرح حضرتؒ جمع فرماتے جاتے اور اس کو سنا کر پوچھتے جاتے۔آخر میں لڑکی نے کہا کہ: ہاں! اب وہ درود آ گیا ہے۔چناں چہ حضرتؒ نے ان تمام دود مبارکہ کو ایک کتابی شکل دے دی اور سات حصوں میں اسے تقسیم فرما دیا۔

اہل اللہ کے معمولات میں دلائل الخیرات کی قراءت کی پابندی صدیوں سے جاری ہے اور اس کی برکات کا بھی انہوں نے بارہا مشاہدہ فرمایا ہے۔اللہ تعالی عزیزم مفتی اِحسان الحق سلمہ (جو اس ادارے کے مخصص بھی ہیں اور نیک فطرت نوجوان بھی) جزائے خیر عطا فرمائیں کہ انہوں نے بڑی محنت سے اس ترتیب پر کتاب کو از سر نو مرتب فرمایا جس ترتیب سے میرے محبوب شیخ و مربی نور اللہ مرقدہ نے مجھے قراءت کی اجازت عطا فرمائی تھی۔

اللہ تعالی موصوف کے علم و عمل میں مزید برکات کا نزول فرمائیں اور تمام پڑھنے والوں کو دنیا و آخرت کی سعادتیں عطا فرمائیں۔آمین۔

محمد اسفند یار

کان اللہ لہ عوضا عن کل شیء

(مہتمم جامعہ دار الخیر کراچی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دلائل الخیرات چوں کہ درود شریف پر مشتمل کتاب ہے،تو دلائل الخیرات اور درود شریف سے متعلق علماء دیو بند کا عقیدہ بھی واضح ہوجائے تا کہ یار دوست جو کہتے ہیں کہ تم لوگ درود شریف نہیں پڑھتے۔اور ایک دوسرے قسم کے حضرات بھی ہیں جو دلائل الخیرات کے پڑھنے کی مکمل ممانعت کرتے ہیں۔ذیل کی تحریر ان دونوں قسم کے لوگوں کے لئے ہے۔اللہ تعالی ہمیں افراط وتفریط سے محفوظ فرمائے۔آمین۔

علمائے دیو بند کا عقیدہ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا مستحب ہے

کثرت درود شریف اور دلائل الخیرات وغیرہ سے متعلق علمائے حرمین کا علمائے دیو بند سے سوال وجواب:

السوال السابع:ماقولکم فی تکثیر الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقراءۃ دلائل الخیرات والأوراد؟

الجواب:یستحب عندنا تکثیر الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو من أرجی الطاعات واجب المندوبات سواء کان بقراءۃ الدلائل والأوراد الصلاتیۃ المؤلفۃ فی ذلك أوبغیرھا ،ولکن الأفضل عندنا ماصح بلفظہ صلی اللہ علیہ وسلم ولوصلی بغیر ماورد عنہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یخل عن الفضل ویستحق بشارۃ من صلی علی صلاۃ صلی اللہ علیہ عشرا،وکان شیخنا العلامۃ الگنگوھی یقرأ الدلائل وکذلك المشایخ الأخر من

ساداتنا ،وقد کتب فی إرشاداته مولنا ومرشدنا قطب العالم حضرة الحاج إمداد الله قدس سره العزیز وأمر أصحابه بأن یحزبوه، وکانوا یروون الدلائل روایة وکان یجیز أصحابه بالدلائل مولنا الگنگوهی رحمة الله علیه.(۱)

ساتواں سوال: کیا فرماتے ہیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت درود بھیجنے اور دلائل الخیرات اور دیگر اوراد پڑھنے کے بارے میں؟

جواب: ہمارے نزدیک حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف کی کثرت مستحب اور نہایت موجب اجر وثواب طاعت ہے، خواہ دلائل الخیرات پڑھ کر ہو یا درود شریف کے دیگر رسائل مؤلفہ کی تلاوت سے ہو، لیکن افضل ہمارے نزدیک وہ درود ہے جس کے لفظ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہیں گو غیر منقول کا پڑھنا بھی فضیلت سے خالی نہیں اور اس بشارت کا مستحق ہو ہی جائے گا کہ جس نے مجھ پر ایک بار درود پڑھا حق تعالی اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجے گا۔ خود ہمارے حضرت شیخ حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہ اور دیگر مشائخ دلائل الخیرات پڑھا کرتے تھے اور مولانا حضرت حاجی امداد اللہ شاہ مہاجر مکی قدس سرہ نے اپنے ارشادات میں تحریر فرما کر مریدین کو امر بھی کیا ہے کہ دلائل کا ورد بھی رکھیں اور ہمارے مشائخ ہمیشہ دلائل کو روایت کرتے رہے اور مولانا گنگوہی بھی اپنے مریدین کو اجازت دیتے رہے۔

---

۱)۔ عقائد علمائے دیوبند اور حسام الحرمین: ۲۲۴، ۲۲۵۔ ناشر: دار الاشاعت، مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی۔ اشاعت اول: نومبر: ۱۹۷۷۔

دلائل الخیرات سے متعلق بنوری ٹاؤن کا فتوی

کیا دلائل الخیرات مستند کتاب ہے؟؟

سوال: دلائل الخیرات سے متعلق بتادیں کہ:

درود کی یہ کتاب پڑھنا کیسا ہے؟ اس میں روزانہ کے مختلف درود ہیں یعنی پیر کے روز کے لئے الگ اور منگل کے لئے الگ اور پھر اسی طرح باقی دنوں کے لئے، کیا یہ کتاب مستند ہے؟ اور یہ بھی فرمادیجئے کہ اس میں شامل درود کہاں سے حاصل کئے گئے ہیں؟ اور کیا یہ درود پڑھنا بہتر ہیں یا درود ابراہیمی کا ورد رکھا جائے جو ہم نماز میں بھی پڑھتے ہیں۔

جواب: (۱) دلائل الخیرات درود شریف کی ایک مستند کتاب ہے، جو ہمارے بزرگوں کے معمولات کا حصہ بنی چلی آرہی ہے، اور اس کی اجازت کا بھی معمول تسلسل سے رہا ہے، حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ: اس کا ورد ایک کامل و متبع سنت مرشد کی بیعت کا کام دیتا ہے۔

(۲) یہ کتاب درود شریف کے مختلف صیغوں اور کلمات پر مشتمل ہے اور درود شریف کے فضائل و برکات اور ثمرات وفوائد پر بہت سی مستقل کتابیں لکھی گئی ہیں، اردو میں مولانا زکریا رحمہ اللہ کی ''فضائل درود شریف'' کا مطالعہ کافی ہوگا۔

(۳) اس کتاب میں دنوں کے اعتبار سے منزلوں کی تعیین اس لئے کی گئی ہے کہ روزانہ بآسانی درود شریف کی ایک مقدار پڑھی جاسکے، یہ کوئی شرعی تقسیم نہیں، بل کہ آسانی وسہولت کے لئے ہے۔

(۴) کتاب میں درج درود شریف کے بعض کلمات تو احادیث سے ہی لئے گئے ہیں

اور باقی صیغے کتاب کے مؤلف شیخ محمد بن سلیمان جزولی رحمہ اللہ کے اپنے مرتب کردہ ہیں، اور محققین علما کے نزدیک یوں درود شریف کے کلمات ترتیب دینا جائز ہے۔ البتہ احادیث سے ثابت شدہ الفاظ کی فضلیت اپنی جگہ ہے، اسی لئے کتاب میں احادیث کے الفاظ بھی لائے گئے ہیں، تاکہ ان کے فضائل بھی حاصل ہوجائیں۔

(۵) بہتر صورت یہ ہے کہ کسی متبع سنت وصاحب اجازت بزرگ کی اجازت وراہ نمائی سے روزانہ ''دلائل الخیرات'' کی ایک منزل پڑھ لی جائے اور درود ابراہیمی وغیرہ کا بھی اہتمام کیا جائے، تاکہ دونوں کی برکات اور فضائل حاصل ہوجائیں۔ فقط۔ واللہ اعلم۔

فتوی نمبر:143901200037

دلائل الخیرات پڑھنے سے قبل چند ضروری ہدایات

۱۔۔۔۔۔دلائل شریف کا ورد کرنے میں وہی نیت ہو جو کہ دعاء النیۃ میں مذکور ہے صرف کتاب کی تلاوت مقصد نہ بنائیں بلکہ مقصد تو درود شریف ہو یہ کتاب اس کے لئے ذریعہ سمجھیں۔

۲۔۔۔۔۔درود شریف کی فضیلت میں قرآن حکیم اور صحیح احادیث میں وارد نصوص پیش نظر رکھیں، پڑھتے وقت اخلاص وادب کے ساتھ ان فضائل کا شعور واحساس بے حد مفید ہے۔

۳۔۔۔۔۔دلائل کا ورد دوسرے اکابر کے ساتھ ساتھ ہمارے دیوبند مشائخ کا معمول رہا ہے بلکہ شیخ الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکیؒ کے بارے میں معروف ہے کہ آپ سفر وحضر میں تین کتابیں ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتے تھے، قرآن مجید، مثنوی

شریف اور دلائل الخیرات اور حضرت مولنا بنوریؒ فرمایا کرتے تھے کہ اس کا ورد ایک کامل متبع سنت مرشد کے ہاتھ پر بیعت کا کام دیتا ہے حضرت والا کے اس ارشاد کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ صحیح حدیث میں وارد ہے :مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا ،وَفِیْ رِوَایَۃٍ عِنْدَ الدَّارَمِیِّ:صَلَّی اللّٰہُ وَمَلَائِکَتَہٗ عَلَیْہِ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً۔اور قرآن حکیم میں ھے:ھُوَ الَّذِی یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ وَمَلَائِکَتُہٗ لِیُخْرِجَکُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَی النُّورِ ۔اور ارشاد ہے:اللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِینَ آمَنُوا یُخْرِجُھُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَی النُّورِ۔بمقتضائے حدیث درود شریف پڑھنے والے پر حق تعالی اور فرشتوں کی طرف سے صلاۃ کا نزول ہوتا ہے،قرآن حکیم نے بتلایا کہ جس پر حق تعالی ، فرشتوں کی طرف سے صلاۃ کا نزول ہوتا ہے وہ ہر قسم کے ظلمت شرک ،ظلمت کفر،ظلمت فسق،ظلمت شک ونفاق اور ظلمت غفلت سے نکل کر نور ایمان ،نور توحید نور اخلاص، نور طاعت اور نور ذکر میں داخل کرایا جاتا ہے اور یہی صحیح شرعی بیعت کا مقصد ہے۔

۴۔۔۔۔۔کوئی بھی ذکر ہو اس پر مداومت بہت مفید ہوتی ہے خصوصا درود شریف کا ورد پابندی کے ساتھ کیا جائے ناغہ کی صورت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب اقدس کی پریشانی کا احتمال ہے (والعیاذ باللہ)اور حدیث میں آیا ہے کہ درود وسلام پڑھتے وقت حضور محبوب کبریا کی روح طیب واقدس پڑھنے والے کی طرف متوجہ ہوتی ہے اور شرف جواب سے سرفراز فرماتی ہے، یہ نعمت عظمی جس کے مقابلے میں ایک عاشق کی نظر ہفت اقلیم تو کیا ہشت بہشت بھی ہیچ ہیں ،چھوٹ جانا اور معدن مروت وکرم بالمؤمنین رؤوف ورحیم آقا کو اپنے جس حقیر ہدیہ کا عادی بنایا تھا اس کے پیش کرنے میں کوتاہی کرنا نگاہ عشق وقانون محبت میں کتنا خسارہ ہے اور کتنا جرم، بآسانی معلوم کیا جا سکتا ہے۔

۵۔۔۔۔کتاب میں جہاں کسی پیغمبر یا فرشتہ یا صحابی یا مقدس شخصیات کا ذکر آئے تو قاری اس سے پہلے سیدنا اور اگر مستورات میں سے ہو تو سیدتنا کا اضافہ کرے۔

۶۔۔۔۔۔دلائل الخیرات کے بعض الفاظ میں کچھ احباب کو شاید تردد ہو اس لئے چند وضاحتی جملے عرض خدمت ہیں:

(الف) اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں رحمت یا غیاث یا کاشف الکرب قسم کے الفاظ جو آئے ہیں اگر خلجان ہو تو ان کو حضرت کی دنیا میں حیات طبیہ اور حشر میں آنے والے والی حالت پر حمل کریں۔

(ب) ونور اعلی نورہ الذی منہ خلقتہ، کو عالم ارواح میں خلق حمل کیجئے عالم ناسوت میں خلق مردانہ لیں یا اس کا تعلق خلق روح سے جوڑ دیں جسم اطہر سے نہیں۔

(ج) خطاب نداء کا ذکر جہاں ہو رہا ہو وہاں یہ تصور کیجئے کہ میری آواز فرشتے خدمت اقدس میں پہنچا رہے ہیں یا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے ذہن میں اپنے آپ کو روضہ اقدس پر ذہنا حاضر تصور کر کے پڑھیں اور وہاں تو جمہور اہل سنت کے نزدیک سماع مسلم ہے۔

(د) توسل کا ذکر جہاں آیا ہے تو یہ جمہور اہل علم کے متفقہ مسلک کے مطابق ہے اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ بھی تاویل کے ساتھ توسل بالذوات کے جواز کے قائل ہیں کما ہو مصرح فی کتابہ اقتضاء الصراط المستقیم۔

(ھ) حتی لا یبقی من الرحمۃ شیء: وغیرہ میں صفات خداوندی کی محدودیت کا جو شبہ پیدا ہوتا ہے اس کے کئی جواب ہیں:

اولا: یہ الفاظ ماثور ہیں سمجھ میں نہ آئیں تو متشابہات میں سے سمجھیں۔

ثانیا: ان الفاظ سے حقیقی معنی مراد نہیں بلکہ یہ کنایہ ہیں، کثرت سے جیسا سبعین وغیرہ محدود عدد کے الفاظ کثرت سے کنایہ کے لئے آتے ہیں۔

ثالثا: رحمت برکت ،سلام، وغیرہ صفات کے افراد لامتناہی ہیں لیکن انواع متناہی ہیں، یہاں تناہی انواع مراد ہے نہ کہ تناہی افراد اور پھر بھی اگر خلجان ہے تو ہمارے بعض مشائخ نے اس کے بجائے متبادل غیر موہم الفاظ استعمال فرمائے ہیں وہ استعمال کریں۔(۱)

درود شریف سے متعلق اکابر کے ملفوظات

۱) حضرت مولانا مفتی أحمد الرحمن نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں:

حدیث شریف کا مفہوم ہے کہ لوگوں میں سے قیامت کے دن سب سے زیادہ قریب وہ لوگ ہوں گے جو کثرت سے مجھ پر درود شریف پڑھتے ہیں۔
درود شریف سے قرب حاصل ہوگا۔ درود شریف تو اللہ اور اس کے فرشتے بھی بھیجتے ہیں۔۔۔ پھر کتنا بڑا شرف ہے کہ انسان کو بھی اس میں شامل کرلیا، درود شریف ایسی عبادت ہے جو ہمیشہ قبول ہوتی ہے، دوسری عبادتیں ایسی ہیں جو قبول بھی ہوسکتی ہیں اور نا قبول بھی۔اس میں (درود شریف پڑھنے میں) ہماری کوئی فضیلت نہیں، یہ آقا کا کرم ہے۔(۲)

۲) حضرت مولانا أحمد سعید دہلوی قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

اللہ تعالی اور اس کے فرشتے اس نبی پر رحمت بھیجتے رہتے ہیں ،اور جو کام اللہ تعالی کرتا ہے اور جو خدمت اس کے فرشتے انجام دیتے ہیں، مسلمانوں کو حکم

---

۱)۔بحوالہ: المظاہر خاص نمبر بیاد حضرت مولانا محمد امین اورکزئی شہید: ص: ۷۰ تا ۷۲۔

۲)۔مقالات رحمانی (مجموعہ مضامین) امام اہل سنت حضرت مولانا مفتی احمد الرحمن: افادات درس بخاری: ص: ۸۵۔ مرتب: صاحب زادہ مولانا عزیز الرحمن رحمانی زید مجدہ۔ ناشر: المکتبۃ البنوریۃ، بنوری ٹاؤن کراچی، سن طباعت: رمضان: ۱۴۲۱۔

ہوتا ہے تم بھی اس مبارک کام میں ہمارے شریک ہوجاؤ اور دین اور دنیا کے محسن اعظم کے احسان کا حق ادا کیا کرو کہ ان کی ذات گرامی پر تم درود اور سلام بکثرت بھیجا کرو۔(۱)

۳)امام الاولیا حضرت مولانا احمد علی لاہوری نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں:

قرآن شریف میں درود پڑھنے کا حکم ہے ،درود شریف کے فضائل کا کوئی مسلمان انکار نہیں کرسکتا،درود شریف کے پڑھنے سے انسان کے دس گناہ معاف ہوتے ہیں،دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں،اور دس درجے بلند ہوتے ہیں، دس دفعہ اللہ تعالی کی رحمت نازل ہوتی ہے۔(۲)

۴)حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں:

اس (درود شریف کے)عمل میں اللہ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ ہماری شرکت نعمت نہیں ہے؟ جس تجارت میں بادشاہ کا حصہ بھی ہو اس تجارت میں خسارہ اور (Loss) ہوسکتا ہے؟ وہ بزنس گھاٹے میں جاسکتی ہے؟ درود شریف بھیجنا اللہ کا کام ہے اور فرشتوں کا کام ہے ،اس میں اپنا حصہ لگالو یہ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ ہے،اس میں خسارہ ہے ہی نہیں۔(۳)

۵)حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حق یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلاۃ وسلام پڑھا جائے کیوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجود باوجود حق جل شانہ کی رحمتوں اور عنایتوں کا ذریعہ ہے اور ملاء اعلی میں آپ کی خاص شان ہے ۔اور آپ کا ادب واحترام قیامت کے دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کا وسیلہ ہے لہذا آپ

---

۱)۔فضائل صلاۃ وسلام:ص:۲۱۔

۲)۔امام لاہوریؒ کے رسائل:ص:۱۷۷۔القاسم اکیڈمی،نوشہرہ،اشاعت اول:مارچ،2009

۳)۔ارشادات درد دل:(ملفوظات)حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحبؒ ص:۲۱۰۔۲۱۱۔مرتب:سید عشرت جمیل میرؔ،ناشر:کتب خانہ مظہری،اشاعت اول:رمضان المبارک:۱۴۲۹۔

پرصلاۃ وسلام اور آپ کا ادب واحترام اور آپ کی تعظیم ہر مسلمان پر فرض اور لازم ہے۔(۱)

۶) حضرت مولانا محمد اُسفند یار خان صاحب نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں کہ:

درود شریف کی کثرت قرب الٰہی، حضور نبی کریم ﷺ کی محبت کے حصول کا ذریعہ اور سعادت دارین کا ایک بڑا وسیلہ ہے۔(۲)

۷) حضرت مولانا اسلم شیخوپوری قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

آپ پر درود وسلام حقیقت میں خود ہمارے لئے عزت وتکریم، ذریعہ رفعِ درجات اور کفارہ سیئات ہے۔(۳)

۸) حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس اللہ سرہ لکھتے ہیں:

احقر آج کل درود شریف کی کثرت کو اوروظائف سے ترجیح دیتا ہے، اور اس کو اطمینان کے ساتھ مقاصدِ دارین کے لئے زیادہ نافع سمجھتا ہے۔(۴)

۹) حضرت مولانا افتخار الحسن کاندھلوی قدس اللہ سرہ لکھتے ہیں کہ:

ہمیشہ اولیا اور علمانے درود پاک کی کثرت کا اہتمام فرمایا اور ضرورت مند اشخاص کو اس کی تاکید فرمائی۔ سب سے اول وہ درود ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب عالی پر وارد ہوئے اور زبان مبارک سے ان کا تلفظ فرمایا اولیائے کاملین نے بھی بہت سے درود الہامی طور پر خود بھی پڑھے

---

۱)۔معارف القرآن از کاندھلوی: ج:۶ ص:۳۲۶، سورۃ الاحزاب۔(حکم وجوب صلاۃ وسلام وتحریم ایذائ خدا اور رسول ﷺ وایذائ اہل اسلام۔ ناشر: مکتبۃ المعارف، دار العلوم الحسینیہ، شہداد پور، سندھ۔ طبع بار دوم: ۱۴۳۳ھ۔

۲)۔تقریظ بر دلائل الخیرات: ص:۴۔ مکتبہ الحسنی۔ سن طباعت درج نہیں۔

۳)۔خلاصۃ القرآن: ص:۱۵۶۔ بیت السلام، طبع جدید: ۲۰۱۰۔

۴)۔نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ﷺ: ص:۸۔ وجہ تالیف۔ مکتبۃ البشری، سن اِشاعت: ۲۰۱۴/۱۴۳۵۔

اور دوسروں کو بھی تلقین فرمائے۔(۱)

۱۰) حضرت مولانا محمد الیاس بانی تبلیغی جماعت فرماتے ہیں کہ:

درود شریف پڑھنے سے تمام دعائیں قبول ہوتی ہیں، دعا کے اول آخر اسے پڑھ لیا کرو۔(۲)

۱۱) حضرت مولانا محمد امین اورک زئی شہید نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں:

کوئی بھی ذکر ہو اس پر مداومت بہت مفید ہوتی ہے خصوصا درود شریف کا ورد پابندی کے ساتھ کیا جائے ناغہ کی صورت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب اقدس کی پریشانی کا احتمال ہے (والعیاذ باللہ) اور حدیث میں آیا ہے کہ درود وسلام پڑھتے وقت حضور محبوب کبریا کی روح طیب واقدس پڑھنے والے کی طرف متوجہ ہوتی ہے اور شرف جواب سے سرفراز فرماتی ہے، یہ نعمت عظمی جس کے مقابلے میں ایک عاشق کی نظر ہفت اقلیم تو کیا ہشت بہشت بھی ہیچ ہیں، چھوٹ جانا اور معدن مروت وکرم بالمؤمنین رؤوف ورحیم آقا کو اپنے جس حقیر ہدیہ کا عادی بنایا تھا اس کے پیش کرنے میں کوتاہی کرنا نگاہ عشق وقانون محبت میں کتنا خسارہ ہے اور کتنا جرم، بآسانی معلوم کیا جا سکتا ہے۔(۳)

۱۲) حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی نور اللہ ضریحہ فرماتے ہیں:

بہترین طریقہ یہ ہے کہ دعا سے پہلے اور دعا کے بعد درود شریف پڑھا جائے، یہ دو انجن دعا میں لگ جائیں گے تو دعا کی گاڑی منزل مقصود پر پہنچ جائے گی

---

۱)۔ماہنامہ: المحمود: ماہ: شعبان ورمضان، ۱۴۱۹ھ۔مطابق: دسمبر ۱۹۹۸۔وجنوری: ۱۹۹۹۔میرٹھ: فضیلت درود شریف ص: ۷۲۔

۲)۔تبلیغی کشکول: (ملفوظات مولانا محمد الیاسؒ) ص: ۵۳۔مرتب: مولانا محمد امیر علویؒ، ناشر: مکتبۃ الحی والمدنی، کراچی۔سن اشاعت: بار دوم: ۲۰۱۰۔

۳)۔المظاہر خاص نمبر بیاد حضرت مولانا محمد امین اورکزئی شہید: ص: ۷۰ تا ۷۲۔

اگر ایک انجن ہے تو ممکن ہے کہ چڑھائی پر گاڑی کو مشکل پیش آئے۔(۱)

۱۳) حضرت مولانا حسین علی الوانی قدس اللہ روحہ فرماتے ہیں:

ودعا را درود لازم است۔

دعا کے لئے درود شریف لازم ہے۔(۲)

۱۴) حضرت مولانا حماد اللہ ہالیجوی قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

بہتر الفاظ درود شریف کے وہ ہیں جو حدیث شریف میں آئے ہیں، یا ان کے مشابہ (الفاظ) پڑھے جائیں۔(۳)

۱۵) حضرت مولانا خواجہ خان محمد قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

درود پڑھنے والا ایسا سمجھے کہ گویا روضہ پاک میرے سامنے ہے اور روضہ شریف پر درود پیش کر رہا ہوں۔(۴)

۱۶) حضرت مولانا خلیل احمد سہارن پوری نور اللہ مرقدہ تمام علمائے دیوبند کی ترجمانی کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

ہمارے نزدیک حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف کی کثرت مستحب اور نہایت موجب اجر وثواب طاعت ہے، خواہ دلائل الخیرات پڑھ کر ہو یا درود شریف

---

۱)۔گلدستہ ملفوظات اکابر: ص: ۴۲، از سیدی مولانا غلام نبی شاہ صاحب زید مجدہ، ناشر: جامعہ عربیہ سراج العلوم، جبوڑی، مانسہرہ، (بحوالہ، ماہنامہ سلطان العلوم، دیوبند، جمادی الاولی: ۱۳۵۶)۔

۲)۔فیوضات حسینی المعروف بہ: تحفہ ابراہیمیہ: ص: ۱۲۰ (درود شریف)۔ترجمہ ومقدمہ: حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتیؒ۔ناشر: ادارہ نشر واشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم، گجرانوالہ۔تاریخ طباعت: رجب المرجب: ۱۳۸۷۔

۳)۔ماہنامہ الحماد: رشد وہدایت: ص: ۳۹، قسط نمبر: ۲۷۔جلد: ۱۳، شعبان المعظم ۱۴۲۸، اگست رستمبر ۲۰۰۷۔شمارہ: ۸۔

۴)۔تاریخ وتذکرہ خواجگان نقشبند: باب نمبر: ۱۹، احوال ومناقب حضرت مولانا خواجہ خان محمد قدس سرہ، ج: ۲ ص: ۵۹۹۔ڈاکٹر محمد نذیر رانجھا، ناشر: خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ، سن طباعت: ۲۰۱۴۔

کے دیگر رسائل مؤلفہ کی تلاوت سے ہو، لیکن افضل ہمارے نزدیک وہ درود ہے جس کے لفظ حضرت ﷺ سے منقول ہیں گو غیر منقول کا پڑھنا بھی فضیلت سے خالی نہیں اور اس بشارت کا مستحق ہو ہی جائے گا کہ جس نے مجھ پر ایک بار دورد پڑھا حق تعالی اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجے گا۔(۱)

۱۷) حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی قدس اللہ سرہ فرمایا کرتے تھے کہ:

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بہت بڑا احسان ہے پھر آپ پر درود بھیجنے میں بھی بخل ہو تو بڑی بے مروتی کی بات ہے۔(۲)

۱۸) حضرت مولانا قاضی زاہد الحسینی قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

درود شریف: یہ ایک مستقل عبادت ہے، اس سے بندہ سید دو عالم ﷺ کے قریب ہوتا رہتا ہے۔(۳)

۱۹) مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں:

خود حضور ﷺ سے صلاۃ یعنی درود شریف کے بہت سے مختلف صیغے منقول و ماثور ہیں صلاۃ وسلام کے حکم کی تعمیل ہر اس صیغہ سے ہو سکتی ہے جس میں صلاۃ وسلام کے الفاظ ہوں، اور یہ بھی ضروری نہیں کہ وہ الفاظ آنحضرت ﷺ سے بعینہ منقول بھی ہوں، بل کہ جس عبارت سے بھی صلاۃ وسلام کے الفاظ ادا کئے جائیں اس حکم کی تعمیل اور درود شریف کا ثواب حاصل ہو جاتا ہے۔ مگر یہ ظاہر ہے کہ جو الفاظ خود آنحضرت ﷺ سے منقول ہیں وہ زیادہ

---

۱)۔عقائد علمائے دیوبند اور حسام الحرمین: ۲۲۴، ۲۲۵۔ ناشر: دار الاشاعت، مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی۔ اشاعت اول: نومبر: ۱۹۷۷۔

۲)۔تذکرۃ الرشید: ج:۲ ص:۱۱۶۔ مؤلف: حضرت مولانا محمد عاشق الٰہی میرٹھیؒ، ناظم کتب خانہ اِشاعت العلوم، محلہ مفتی، سہارن پور۔

۳)۔دامان رحمت: ص:۱۳۹۔ ناشر: دار الارشاد، اٹک، بار نہم: ۱۴۲۵۔

بابرکت اور زیادہ ثواب کے موجب ہیں۔(۱)

۲۰) حضرت مولانا مفتی محمد عاشق الٰہی بلند شہری قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

درود شریف کے ذریعہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے اللہ تعالیٰ سے رحمت کی دعا کرنے میں دعا مانگنے والے کے لئے بارگاہ خداوندی کی مقبولیت اور محبوبیت بھی ہے اور فرشتہ کی دعا کا استحقاق بھی ہے جو باعث رحمت ہے، پس جو بندہ جس قدر درود شریف پڑھے گا محبوب بارگاہ خداوندی ہوگا اور مستحق رحمت ہوگا، ساتھ ہی اس کے درجات بلند ہوں گے اور گناہ معاف ہوں گے، ایسی صورت میں یہ ارشاد بالکل سمجھ میں آجاتا ہے کہ تمام اوقات درود ہی میں خرچ کروگے تو تمہارے فکروں کی کفایت کی جائے اور گناہوں کی بخشش ہوجائے گی، معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجتیں پوری کرانے کا ایک بہت بڑا ذریعہ یہ بھی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بہت زیادہ درود پڑھے اور اس قدر پڑھے کہ دوسرے کسی وظیفہ کی فرصت ہی نہ ملے۔(۲)

۲۱) حضرت خواجہ محمد عثمان دامانی قدس اللہ روحہ فرماتے ہیں:

سبق پڑھاتے وقت اور دوسرے امور (کے دوران) درود ابراہیمی کا ورد کثرت سے کرو، یہ مثمر برکات ہوگا (یعنی برکتوں کی صورت میں اس کا پھل نصیب ہوگا) اور مصائب وتکالیف کے بادل چھٹ جائیں گے۔(۳)

---

۱)۔معارف القرآن: ج:۷،ص:۲۲۳۔صلاۃ وسلام کا طریقہ۔ناشر: إدارۃ المعارف، کراچی۔طبع جدید: محرم الحرام: ۱۴۲۴۔مارچ: ۲۰۰۳۔

۲)۔تحفۃ المسلمین: ص:۴۸۰۔فضائل الصلاۃ والسلام علی سید الانام علیہ أفضل الصلاۃ والسلام۔مکتبہ معارف القرآن: طبع: ۲۰۰۹۔

۳)۔خانقاہ احمد سعیدیہ، موسیٰ زئی: احوال ومناقب حضرت خواجہ محمد عثمان دامانیؒ: فصل نہم: ملفوظات وفرمودات: ۳۴۰۔

۲۲) حضرت شیخ محدث عبدالحق دہلوی نوراللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

اہل سلوک حضرات کو درود شریف کی کثرت اوراس کے ورد سے بڑی بڑی فتوحات حاصل ہوتی ہیں، بل کہ بعض مشایخ تو فرماتے ہیں کہ: اگر کسی شخص کو کوئی شیخ کامل نہ مل سکے جو اس کی تربیت کرے تو اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود شریف کا معمول بنالینا چاہئے، یہ ان شاء اللہ اس کے لئے حصول مقصود کا بہترین راستہ ہے اور یہی درود شریف کا پڑھنا اس کی تربیت کرے گا اس کے اندر اخلاق محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا کرے گا اور اس کو بارگاہ خداوندی کے اعلی درجات تک پہنچا دے گا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب سے اس کو مشرف کرے گا۔(۱)

آگے چل کر مزید تحریر فرماتے ہیں کہ:

اور بعض مشایخ شاذلیہ قدس اللہ اسرارہم فرماتے ہیں: جب آدمی ولی کامل اور مرشد حقیقی کو نہ پائے تو اس کے لئے معرفت الٰہی کے حصول کا صرف ایک ہی ذریعہ ہے اور وہ یہ کہ وہ شخص احکامات شرعیہ کی پوری پوری پابندی کرے اور ذکر الٰہی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود شریف بھیجے، چناں چہ کثرت سے درود شریف پڑھنے کی برکت سے اس کے اندر ایک عظیم نورانی کیفیت پیدا ہوگی جس سے وہ خود بخود راہ رشد وہدایت پالے گا اور اس کو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بلا واسطہ فیض پہنچے گا۔ اور طریقہ شاذلیہ جو طریقہ قادریہ ہی کا ایک شعبہ ہے اس کا خلاصہ طریق سلوک یہی ہے کہ وہ براہِ راست بلا واسطہ اتباع سنت اور دوام حضور حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے استفاضہ کرتے ہیں، بس تم بھی کوشش وسعی کرو اور اللہ تبارک وتعالی سے مدد اور توفیق مانگتے رہو۔(۲)

---

۱)۔ جذب القلوب: ص: ۳۳۳۔ ۳۳۴۔

۲)۔ جذب القلوب الی دیار المحبوب: شیخ المشایخ عبدالحق محدث دہلویؒ، سترہواں باب: ص: ۳۳۴۔ مترجم: محمد احمد قادری، مدرس مدرسہ عربیہ اسلامیہ نیوٹاؤن، ناشر: کتب خانہ علوم شرعیہ، مدینہ منورہ، طباعت: ربیع الثانی: ۱۳۸۸

موصوف اپنے مکتوبات میں تحریر فرماتے ہیں:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ آخر زمانہ میں مرشد کامل کا ملنا امر مشکل ہوگا اس وقت دیگر عبادتوں اور شرعی احکام کو بجالانے کے ساتھ ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پر کثرت سے درود پاک کی تلاوت کی جائے، جو بلاشبہ بلا احتیاج مرشد خدا تعالی تک موصول اور مقرب ہے بل کہ بعضوں کا تو کہنا ہے کہ سالک کو باعتبار توسل وتقرب کے اشتغال بالصلاۃ افضل ہے کہ وہ ہر وقت درود ہی کو تلاوت کرتا رہے، اور ایک قول یہ بھی ہے کہ اللہ کی راہ کو پانے کے لئے درود سے بہترین اور کوئی ذریعہ نہیں اور عبادت کے بعد اس درود سے اور کوئی عبادت بالاتر نہیں اور ہر مشکل ودشواری اور تمام حاجتوں کی برآری کے لئے درود شریف سے بڑھ کر اور کوئی ذریعہ نہیں۔(۱)

۲۳) حضرت مولانا مفتی سید عبدالرحیم لاج پوری نوراللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

جس درود شریف کے الفاظ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب کو سکھلائے ہیں (جیسے درود ابراہیم وغیرہ) کوئی دوسرا درود جس کے الفاظ ایجاد کردہ ہوں اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے صادر شدہ الفاظ اور کسی امتی کے ایجاد کردہ الفاظ کی برکت میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایجاد کردہ اور تعلیم دیئے ہوئے الفاظ میں جو برکت اور کشش ہے وہ دیگر کلمات میں نہیں ہے اور اگر وہ دوسرے الفاظ خلاف سنت بھی ہوں تو پھر تو کوئی نسبت ہی باقی نہیں رہتی، پھر تو وہ فرق ہوجاتا ہے جو روشنی اور اندھیرے میں ہوتا ہے۔(۲)

---

۱)۔مکتوبات شیخ عبدالحق محدث دہلوی: ص: ۱۵۰۔۱۵۱۔

۲)۔فتاوی رحیمیہ: ج: ۲ ص: ۸۲، کتاب السنۃ والبدعۃ، درود تاج پڑھنا بدعت ہے؟۔ دارالاشاعت، کراچی، ترتیب، تعلیق، تبویب، تخریج جدید، مفتی صالح محمد کاڑوری شہیدؒ، سن طباعت: ۲۰۰۹۔

آگے چل کر تحریر فرماتے ہیں کہ:

حتی الامکان وہی درود پڑھا جاوے جو حدیث شریف سے ثابت ہو، جس درود شریف کے الفاظ حدیث سے ثابت نہ ہوں اس کو مسنون نہ سمجھے۔(۱)

۲۴) حضرت مولانا عبدالشکور فاروقی لکھنوی نور اللہ مرقدہ لکھتے ہیں کہ:

درود شریف سے بہتر کوئی ذریعہ بارگاہِ رسالت میں تقرب کا نہیں ہے، اور درود شریف کی کثرت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جمال بے مثال کی زیارت نصیب ہوتی ہے خصوصا مدینہ منورہ کے قریب پہنچ کر درود شریف کی کثرت کرنا عجیب ہی ثمرہ دیتا ہے۔(۲)

۲۵) حضرت شاہ عبدالغنی پھولپوری علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ:

سلسلہ اویسیہ یعنی حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالی عنہ کا سلسلہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک درود شریف کے ذریعہ پہنچتا ہے اس کو حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کثرتِ درود شریف کی برکت سے یہ دروازہ کھل جاتا ہے کہ بیٹھا یہاں ہے اور دربارِ رسالت میں حاضر ہے۔(۳)

مزید فرمایا کہ: درود شریف تمام دعاؤں کا سرتاج ہے۔ جب تک درود شریف اول وآخر نہ ملایا جائے اس وقت تک اللہ اور بندے کے درمیان دعا معلق رہتی ہے یہ دعا معلق کیوں رہتی ہے؟ اس واسطے کہ مہر نہیں لگی ہے۔ کاہے کی مہر درکار ہے؟ درود شریف کی۔ بدوں درود شریف کے دعا ضائع نہیں ہوتی ہے۔ رہتی تو ہے محفوظ لیکن مقبول نہیں ہوتی۔ اللہ تعالی درود شریف

---

۱)۔فتاوی رحیمیہ: ج:۲ ص:۸۳، کتاب السنۃ والبدعۃ، درود تاج پڑھنا بدعت ہے؟۔

۲)۔علم الفقہ: حصہ پنجم: ص:۶۲۹۔ زیارت کا طریقہ اور اس کے آداب۔ دارالاشاعت، کراچی، سن طباعت: اپریل: ۲۰۰۳۔

۳)۔ملفوظات حضرت اقدس شاہ عبدالغنی صاحب پھول پوریؒ، ص:۱۱۰۔ تاریخ اشاعت: ۱۴۳۶ر بمطابق ۲۰۱۵۔

کا انتظار فرماتے ہیں۔(۱)

حضرت پھول پوری فرماتے تھے کہ صرف درود شریف ایسی عبادت ہے جس میں منہ سے بیک وقت اللہ کا نام بھی نکلتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا نام بھی نکلتا ہے۔(۲)

ایک شخص نے مولانا پھول پوری صاحب سے دریافت کیا کہ: درود شریف میں زیادہ ثواب ہے یا استغفار میں؟ اور پہلے استغفار پڑھیں یا پہلے درود شریف پڑھیں؟ تو ارشاد فرمایا کہ: حضرت مولانا محمود الحسن شیخ الہند دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ کپڑوں کو پہلے گندگی سے صاف کرتے ہیں پھر عطر لگایا کرتے ہیں، پہلے استغفار سے دل صاف کرو پھر درود شریف پڑھو۔(۳)

۲۶) حضرت مولانا عبدالغفور المدنی العباسی قدس اللہ سرہ حضور ﷺ کی طرف نسبت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

سخت حاجت کے وقت بہت زیادہ درود شریف پڑھنے سے بھی مشکل آسان، غم وفکر دور اور رزق میں فراوانی ہوجاتی ہے۔(۴)

۲۷) حضرت شاہ عبدالقادر محدث نور اللہ مرقدہ دہلوی لکھتے ہیں:

اللہ سے رحمت مانگنی اپنے پیغمبر پر اور ان کے ساتھ ان کے گھرانے پر بڑی قبولیت رکھتی ہے ان پر ان کے لائق رحمت اترتی ہے۔ اور ایک دفعہ مانگنے سے دس رحمتیں اترتی ہیں مانگنے والے پر، جس کا جتنا جی چاہے اتنا حاصل

---

۱)۔(ملفوظات حضرت اقدس شاہ عبدالغنی پھول پوری ص:۱۱۰)

۲)۔ارشادات درد دل: (ملفوظات) حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحبؒ ص:۲۱۰۔مرتب: سید عشرت جمیل میرؔ، ناشر: کتب خانہ مظہری، اشاعت اول: رمضان المبارک:۱۴۲۹۔

۳)۔(ملفوظات حضرت اقدس شاہ عبدالغنی پھول پوری ص:۱۱۱)

۴)۔برکات غفوریہ: ص:۲۵۰۔مرتب: سید حشمت علی المدنیؒ، ایچ، ایم سعید کمپنی، کراچی۔سن اشاعت درج نہیں۔

کرلے۔(۱)

۲۸) حضرت مولانا عبداللہ بہلوی قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

درود شریف وہ طاعت ہے جو کبھی ردّ نہیں ہوتی، درود شریف بھیجنے سے ہم حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کوئی احسان نہیں کرتے ، بلکہ اپنی محبت کے جذبے کا اظہار اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شکریہ ہے۔(۲)

۲۹) حضرت مولانا سید عبداللہ شاہ نوراللہ مرقدہ فرماتے ہیں کہ:

درود شریف کے کئی صیغے اور الفاظ ہیں جو دلائل الخیرات وغیرہ میں مذکورہ ہیں۔اپنی طرف سے فرطِ محبت میں الفاظ کا اضافہ نہ کیا جائے، ایسا نہ ہو کہ یہ اضافہ حدود شریعت سے متجاوز ہو جائے۔(۳)

۳۰) حضرت مولانا مفتی عبدالمجید دین پوری شہید فرماتے تھے کہ:

درود پاک پڑھنا قضائے حاجات کے لئے اکسیر ہے۔

۳۱) حضرت شیخ عبدالوہاب متقی گجراتی نوراللہ مرقدہ فرماتے ہیں کہ:

ذکر سے فراغت کے بعد رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود میں مصروف رہنے سے ایک اور ہی نور و حضور حاصل ہوتا ہے۔اور عجیب وغریب حالت طاری ہوتی

---

۱)۔موضح القرآن:ص:۵۵۲،(ف:نمبر ۳)۔تصحیح وتشریح:مولانا اخلاق حسین قاسمی، دہلوی۔ناشر:ایچ،ایم،سعید کمپنی، سن اِشاعت درج نہیں۔

۲)۔معارف بہلویہ:ج:۳ص:۳۹۱۔ترک السیئات مع درک الحسنات،فصل دوم،درود شریف وہ طاعت ہے جو رد نہیں ہوتی۔مکتبہ لدھیانوی،ترتیب وتسہیل:حضرت مولانا سعید احمد جلال پوری شہیدؒ۔تاریخ اشاعت:جولائی:۲۰۰۶۔

۳)۔نقشبندی کشکول:(سوانح حیات حضرت مولانا سید عبداللہ شاہ صاحب بونیریؒ)ص:۱۶۷۔فضائل درود شریف۔ مرتبہ:نصیر حسین نقشبندی غفوریؒ۔ادارہ غفوریہ،کراچی۔

ہے۔(۱)

۳۲) حضرت مولانا مفتی عبدالواحد قدس اللہ سرہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا ایک ایسی عبادت ہے جس میں درود پڑھنے والے کو کئی فوائد وثمرات حاصل ہوتے ہیں، ایک مرتبہ درود پڑھنے پر آدمی کو دس نیکیاں ملتی ہیں، دس برائیاں معاف ہوتی ہیں، دس درجات بلند ہوتے ہیں، دس رحمتیں اس پر نازل ہوتی ہیں، درود پڑھنے کی وجہ سے انسان اس عمل میں مصروف ہوجاتا ہے جس میں اللہ پاک اور اللہ کے فرشتے پہلے سے مصروف عمل ہیں، اس کی برکت سے آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کا مستحق ہوتا ہے، اس کے دنیا اور آخرت کے تمام کام بن جاتے ہیں، تمام ضروریات وحوائج پوری ہوجاتی ہیں، اس کے علاوہ بھی درود وسلام کے اس قدر فضائل ہیں کہ ان کا احاطہ مشکل ہے۔(۲)

۳۳) حضرت مولانا عبدالہادی دین پوری نوراللہ مرقدہ فرمایا کرتے تھے کہ:

جب درود پڑھنا ہو، ہمیشہ باوضو ہوکر درود پڑھا کرو، جب درود پڑھنا ہو، تو کبھی غفلت کے عالم میں نہیں پڑھنا کہ چلتے پھرتے ہی پڑھ لیں۔(۳)

۳۴) استاذ محترم حضرت مولانا مفتی عطاء الرحمن شہیدؒ فرماتے تھے کہ:

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا اللہ سے قرب کا سب سے اعلیٰ درجہ ہے۔

---

۱)۔زادالمتقین فی سلوک طریق الیقین: مترجم: مقصد دوم: ص: ۱۵۰۔۱۵۱۔ناشر: الرحیم اکیڈمی، کراچی، سن اشاعت: ۱۴۱۹۔ بمطابق: ۱۹۹۸۔

۲)۔گلدستۂ درود شریف: ص: ۱۷۔۱۸۔ بابرکت دعائیہ کلمات۔حضرت مولانا مفتی عاصم عبداللہ زید مجدہ، مکتبہ حمادیہ، سن طباعت: جون، ۲۰۰۹۔

۳)۔خطبات ندیم: خطیب العصر علامہ عبدالکریم ندیمؒ، ج: ا ص: ۷۷، فضائل درود شریف۔ترتیب وتحقیق: مولانا محمد عمیر شاہین۔ ادارہ تالیفات ختم نبوت۔اردو بازار، لاہور، سن اشاعت درج نہیں۔

۳۵) حضرت مولانا مفتی محمد فرید قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

درود شریف پڑھنا بڑی عبادت ہے، البتہ یہ کوشش مناسب ہے کہ: ماثور درود پڑھا جائے نہ کہ غیر ماثور۔(۱)

۳۶) حضرت مولانا شاہ فضل رحمن گنج مرادآبادی قدس اللہ سرہ نے فرمایا:

درود بکثرت پڑھو، جو کچھ ہم نے پایا درود سے پایا۔(۲)

۳۷) حضرت مولانا پیر فضل علی قریشی نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں:

معالج دو قسم کے ہیں: ایک جسمانی امراض کے اور دوسرے باطنی امراض کے باطنی امراض کے معالج کو اللہ اللہ کرنا اور درود شریف پڑھنا زیادہ مفید بتاتے ہیں۔(۳)

۳۸) حضرت مولانا فضل محمد سواتی نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں کہ:

درود شریف میں اس محنت کی ضرورت ہے کہ ایسے دھیان سے ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بمعہ صحابۂ کرامؓ کے موجود ہیں میں درود شریف پڑھ رہا ہوں اور وہ بذات خود تاج پہنے ہوئے سن رہے ہیں، اس کیفیت میں محنت کیا جائے کہ یہ کیفیت پختہ ہو جائے اور محبت کی لذت ظاہر بار محسوس ہونے لگے۔(۴)

---

۱)۔فتاوی فریدیہ: ج:۱ص:۳۵۰، کتاب الذکر والدعاء والصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔تخریج وترتیب: مفتی محمد وہاب منگلوری۔طبع بار پنجم: ۲۰۰۹/۱۴۳۰۔اہتمام واشاعت: مولانا حافظ حسین احمد نقش بندی۔مہتمم دارالعلوم صدیقیہ، زروبی، صوابی، پاکستان۔

۲)۔تذکرہ حضرت مولانا فضل رحمن گنج مرادآبادی: درود شریف کی اہمیت: ص:۵۲۔مرتبہ: سید ابوالحسن علی ندوی، ناشر: مکتبہ دارالعلوم ندوۃ العلماء، بادشاہ باغ لکھنؤ، طبع: بار دوم۔سن اشاعت درج نہیں۔

۳)۔ارشادات وملفوظات اولیائے نقش بند: ص:۲۳۰۔

۴)۔تجلیات سواتی: ص:۱۹۴۔

۳۹) حضرت مولانا مفتی محمود نور اللہ مرقدہ لکھتے ہیں کہ:

درود شریف تمام مسلمانوں کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچایا جاتا ہے اس خدمت کے لئے اللہ تعالی کی جانب سے خاص فرشتے مامور ہیں، وہی لے کر جاتے ہیں (۱)

۴۰) مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی قدس اللہ سرہ نے فرمایا کہ:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بڑی خوشی ہوتی ہے جب کوئی شخص صلاۃ وسلام پڑھتا ہے (۲)

۴۱) حضرت میاں مظہر جان جاناں نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں:

کثرت ذکر تہلیل سے فناء بشریت ہوتی ہے اور کثرت درود شریف سے واقعات نیک نظر آتے ہیں۔ (۳)

۴۲) حضرت مولانا محمد منظور نعمانی قدس اللہ سرہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

درود شریف کی امتیازی خاصیت یہ ہے کہ خلوص دل سے اس کی کثرت، اللہ تعالی کی خاص نظر رحمت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روحانی قرب اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصی شفقت وعنایت حاصل ہونے کا خاص الخاص وسیلہ ہے۔ (۴)

نیز تحریر فرماتے ہیں کہ:

انبیاء علیہم السلام اور خاص کر سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عقیدت ومحبت اور وفاداری ونیازمندی کا ہدیہ اور ممنونیت وسپاس گزاری کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے درود وسلام کا طریقہ مقرر کرنے کی سب سے بڑی حکمت یہ ہے کہ اس

---

۱)۔فتاوی مفتی محمود: ج:۱ص:۳۴۹۔، کتاب العقائد۔ناشر: جمعیۃ پبلیکیشنز، اشاعت ہفتم: مارچ:۲۰۱۰۔از مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمودؒ

۲)۔خطبات محمود: آداب صلاۃ وسلام: ج:۳ص:۱۷۹۔ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان۔سن اشاعت درج نہیں۔

۳)۔ارشادات وملفوظات اولیائے نقش بند: ص:۱۴۷۔

۴)۔معارف الحدیث: حصہ پنجم: کتاب الاذکار والدعوات، صلاۃ وسلام، درود شریف کی امتیازی خاصیت: ج:۵ص: ۲۲۵۔دار الاشاعت: کراچی، کمپیوٹر ایڈیشن:۲۰۱۷۔

سے شرک کی جڑ کٹ جاتی ہے، اللہ تعالی کے بعد سب سے مقدس اور محترم ہستیاں انبیاء علیہم السلام ہی کی ہیں اور ان میں سب سے اکرم وافضل خاتم النبیین سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ جب ان کے بارے میں بھی یہ حکم دیا گیا کہ ان پر درود وسلام بھیجا جائے (یعنی اللہ تعالی سے ان کے لئے خاص الخاص عنایت ورحمت اور سلامتی کی دعا کی جائے) تو معلوم ہوا کہ وہ بھی اللہ تعالی کی رحمت وعنایت اور نظر کرم کے محتاج ہیں اور ان کا حق اور مقام عالی یہی ہے کہ اُن کے واسطے اللہ تعالی سے اعلی سے اعلی دعائیں کی جائیں، اس کے بعد شرک کے لئے کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ کتنا بڑا اکرم ہے ربِ کریم کا کہ اس کے اس حکم نے ہم بندوں اور امتیوں کو نبیوں اور رسولوں کا اور خاص کر سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دعا گو بنا دیا۔(۱)

۴۳) حضرت مولانا محمد موسی خان روحانی البازی قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ:

الصلاۃ والتسلیم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم منقبۃ شریفۃ ومرتبۃ ذات فضائل منیفۃ للمصلی المسلم، فطوبی ثم طوبی لمن أکثر من ذالک۔(۲)

ترجمہ: نبی علیہ السلام پر صلاۃ وسلام پڑھنا بڑی فضیلت اور بلند مرتبہ ہے درود وسلام پڑھنے والے کے لئے، پس مبارک ہے وہ شخص جو کثرت سے درود سلام پڑھے۔

دوسری جگہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم تجمع البرکات الدنیویۃ والأخرویۃ الظاھرۃ والباطنۃ المالیۃ والبدنیۃ۔(۳)

---

۱)۔معارف الحدیث: حصہ پنجم: کتاب الاذکار والدعوات، صلاۃ وسلام، درود وسلام کی خاص حکمت: ص:۲۲۶۔

۲)۔البرکات المکیۃ فی الصلوات النبویۃ: الفائدۃ الأولی: ص:۴۸.

إدارۃ التصنیف والأدب، لاھور. الطبعۃ السابع والعشرون: ۱۴۳۱۔/۲۰۱۰.۔

۳)۔البرکات المکیۃ فی الصلوات النبویۃ: ص:۵۱، الفائدۃ الثالثۃ۔

